## ملک دشمن طالبان نے ریاستی اداروں پر حملوں کی شکل میں پاکستان کے خلاف کھلی جنگ شروع کردی ہے۔الطاف حسین

## پاکستان سے جنگ کرنے والے یہ دہشت گرد ملک اورانسانیت کے کھلے دشمن ہیں،سرکاری اہلکاروں اور عام شہریوں کوخاک وخون میں نہلانے والےعناصر کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں

## جولوگ بھی ملک دشمن طالبان کی بالواسطہ یا بلاواسطہ حمایت کررہے ہیں وہ قومی مجرم اوران ملک دشمنوں کے جرائم میں برابر کے شریک ہیں

لندن۔۔۔15،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک دشمن طالبان دہشت گردوں کی جانب سے پنجاب کے دارالحکومت لاہور کے تین مقامات پر مسلح حملوں اور کوہاٹ میں تھانہ صدر پر خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور دہشت گردی کے ان واقعات میں پولیس افسران واہلکاروں سمیت متعدد افراد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ان ملک دشمن طالبان دہشت گردوں نے کوہاٹ کے تھانے پر خودکش حملے کے بعد لاہور میں ایف آئی اے ہیڈ کوارٹر، مناواں پولیس ٹریننگ سینٹر اور بیدیاں ایلیٹ فورس ٹریننگ سینٹر پر حملہ کرکے کئی پولیس افسران،اہلکاروں اور عام شہریوں کو خاک وخون میں نہلا دیا۔انہوں نے کہا کہ اس سے قبل دہشت گردوں نے جی ایچ کیو پر حملہ کرکے متعدد فوجی افسران اور سرکاری اہلکاروں کو شہید کردیا تھا اور آج انہوں نے لاہور میں ایف آئی اے اور پولیس کے مراکز پر حملہ کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک دشمن طالبان نے اب ریاست کے اداروں پر حملے شروع کردیئے ہیں جس سے صاف ظاہر ہے کہ ان طالبان دہشت گردوں نے پاکستان کے خلاف کھلی جنگ شروع کردی ہے اور پاکستان سے جنگ کرنے والے یہ دہشت گرد ملک اور انسانیت کے کھلے دشمن ہیں اور اپنے گھناؤنے اور مذموم مقاصد کیلئے سرکاری اہلکاروں اور عام شہریوں کو خاک وخون میں نہلانے والے یہ عناصر کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جولوگ بھی ان ملک دشمن طالبان کی بالواسطہ یا بلاواسطہ حمایت کررہے ہیں وہ بھی قومی مجرم ہیں اوران ملک دشمنوں کے جرائم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیاسی ومذہبی جماعتوں کے لوگ اور بعض مبصرین آج بھی مذہبی انتہا پسند دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کو دوسروں کی جنگ قرار دیکر عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔یہ عناصر قوم کو جواب دیں کہ کیا جی ایچ کیو پاکستان کے بجائے کسی اور ملک کا ادارہ ہے؟ کیا لاہور میں مناواں پولیس ٹریننگ سینٹر،بیدیاں ایلیٹ فورس ٹریننگ سینٹر،ایف آئی اے ہیڈ کوارٹر اور کوہاٹ میں تھانہ صدر پاکستان کے سرکاری ادارے نہیں ہیں؟ کیا پاکستان کی فوج کے ہیڈکوارٹر، پولیس کے ٹریننگ سینٹرز اور ریاست کے دیگر اداروں اور پاکستان کے شہریوں پر حملہ کرنے والے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کو دوسروں کی جنگ قرار دینا درست ہے؟انہوں نے کہا کہ میڈیا کو چاہیے کہ وہ پاکستان دشمن طالبان دہشت گردوں کی حمایت کرنے والے عناصر کا بائیکاٹ کرے۔انہوں نے کہا کہ جی ایچ کیو کی طرح آج لاہور اور کوہاٹ میں دہشت گردی کے یہ سنگین واقعات پاکستان کی سلامتی اور قومی غیرت پر حملہ ہیں اور دہشت گرد عناصر اس قسم کی بزدلانہ کارروائیاں کرکے پاکستان کی سلامتی وبقاء کے خلاف سازشیں کررہے ہیں۔انہوں نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ مثالی اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے انتہاء پسند دہشت گردوں کی سازشوں کو ناکام بنائیں،اپنے اپنے علاقوں میں دہشت گردوں اور مشکوک افراد پر نظر رکھیں اور دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے پولیس اور سیکورٹی فورسز کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری،وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا ریاستی اداروں پر حملے کرنے والے دہشت گردوں اور انکے سرپرستوں کے خلاف سخت ایکشن کیا جائے۔جناب الطاف حسین نے دہشت گردوں کے حملوں میں شہید ہونے والے پولیس افسران و اہلکاروں اور عام شہریوں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دہشت گردی کے واقعات میں زخمی ہونے والے پولیس اہلکاروں اور عام شہریوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر کے کارکن عبدالقدوس کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔۔15اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر یونٹ شاہ لطیف ٹاؤن یوسی 5 کے کارکن عبدالقدوس کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست امیدوار اپنے کردار سے گلگت بلتستان کے عوام کی حمایت حاصل کریں، وسیم آفتاب
## متحدہ کے ذمے داران و کارکنان تنظیمی نظم وضبط کی اس طرح پابندی کریں کہ حق پرستی کے فلسفے کی عملی تفسیر بن جائیں
## ملک بھر کے مظلوم عوام الطاف حسین کو امید بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں، گلگت میں تربیتی نشست سے خطاب

گلگت ـــ۔15 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں حصہ لینے کیلئے نامزد کئے گئے حق پرست امیدواروں سے کہا ہے کہ وہ اپنے مثالی کردار اور عمل سے گلگت بلتستان کے عوام کی حمایت حاصل کریں اور ذمے داران و کارکنان تنظیمی نظم وضبط کی اس طرح پابندی کریں کہ حق پرستی کے فلسفے کی عملی تفسیر بن جائیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار بدھ کو گلگت کے مقام خومر میں ایک تربیتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تربیتی نشست میں ایم کیوایم گلگت بلتستان کے ذمے داران و کارکنان کی بہت بڑی تعداد اور گلگت بلتستان اسمبلی کے مختلف حلقوں کیلئے نامزد حق پرست امیدواروں نے شرکت کی۔ رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہا کہ عوام دشمن جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اوران کی سرپرست استحصالی قوتوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق پرستی پر مبنی نظریے کی پاکستانی عوام میں مقبولیت کے خوف سے ایم کیوایم کے خلاف انتہائی زہریلا پروپیگنڈا کیا، ایم کیوایم پر ملک توڑنے کی سازش جیسے جھوٹے الزامات بھی عائد کئے گئے، بات صرف الزام تراشی تک محدود نہیں رہی بلکہ حق پرستی کی جدوجہد کی پاداش میں ایم کیوایم کے ہزاروں بے گناہ کارکنوں کو گرفتار کرکے بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور 15 ہزار سے زائد کارکنان کو شہید کردیا گیا لیکن عوام دشمن قوتیں قائد تحریک الطاف حسین کے نظریے کو پھیلنے سے روکنے کی کوششوں میں بری طرح ناکام ہوگئیں۔ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ سچا تھا اس لئے وہ سندھ سے نکل کر بلوچستان، صوبہ سرحد، پنجاب اور آزاد کشمیر کیساتھ ساتھ آج گلگت بلتستان کے غریب ومتوسط طبقے کے مظلوم ومحکوم عوام تک پہنچ گیا ہے اور پاکستان کے تمام علاقوں سے تعلق رکھنے والے غریب ومتوسط طبقے کے عوام جوق درجوق ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں۔ وسیم آفتاب نے کہا کہ آج یہ حقیقت کھل کر سامنے آگئی ہے کہ ملک بھر کے غریب اور متوسط طبقے کے عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کو امید بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ الطاف حسین ہی ان کے بنیادی مسائل حل کرسکتے ہیں۔ ایسے حالات میں ایم کیوایم کے ذمے داران اور کارکنان کی ذمے داری مزید بڑھ گئی ہے، ہمیں چاہئے کہ قائد تحریک کا پیغام پھیلانے کیلئے دن رات کوششیں کریں اور اس مقصد کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں تاکہ ملک میں حق پرستی کے نظریے پر مبنی انقلاب برپا کیا جاسکے۔ انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ گلگت بلتستان کے ذمے داران و کارکنان سے کہا کہ وہ انتخابات کی تیاریاں مکمل کرلیں تاکہ حق پرست امیدواروں کی کامیابی یقینی بنائی جاسکے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان کو پنجاب انتظامیہ کی طرف سے ہراساں کئے جانے کے کیس پر
## ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لاہور نے سی سی پی او لاہور کو قانون کے مطابق کاروائی کا حکم صادر کردیا

لاہور ـــــ15، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان کو پنجاب انتظامیہ کی طرف سے ہراساں کیئے جانے کے خلاف ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لاہور عابد رضوان عابد نے دائر پٹیشن پر وکلاء کے دلائل سننے کے بعد کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے سی سی پی او لاہور کو متعلقہ درخواست پر قانون کے مطابق کاروائی کا حکم صادر کیا ہے۔

## کارکنان اجتماعی مفادات کے حصول کے لئے اپنی توانائیوں کو استعمال کریں، کراچی مضافاتی کمیٹی
## بن قاسم سیکٹر میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی ـــــ15 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم واراکین سید معین الدین اور یار محمد کھوسو نے کہا کہ کسی بھی معاشرے میں جہاں مساوات اور انصاف کا نظام نہ ہو، جہاں حکمرانی کا حق صرف جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں کو حاصل ہو اور غریبوں کو ان کے حق سے محروم رکھا جائے اس معاشرے میں احساس محرومی کا بڑھنا فطری عمل ہے

اور یہی احساس محرومی ایک دن جدوجہد کی شکل اختیار کرلیتی ہے۔ یہ بات انہوں نے کراچی مضافاتی کمیٹی بن قاسم سیکٹر میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس میں ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ 98 فیصد غریب متوسط طبقے کے ایسے ہی لوگوں کی نمائندہ جماعت ہے جوفرسودہ نظام کے خاتمے اورغریبوں کوان کاحق دلانے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ جس معاشرے میں امیروں اورغریبوں کیلئے الگ الگ قانون ہوتو غریبوں پرتمام قوانین کی پابندی لاگوہوں جبکہ سرمایہ دار، جاگیرداراوروڈیرے ان تمام قوانین سے مستثنیٰ ہوں تواس غیرمنصفانہ نظام کی وجہ سے خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ تحریک اورنظریہ سے سچی وابستگی کا تقاضا ہے کہ ہم ذاتی مفادات کے حصول کی دوڑ میں مصروف ہونے کے بجائے اجتماعی مفادات کے حصول کے لئے اپنی توانائیوں کواستعمال کریں۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پرخودبھی عمل پیرا ہوں اوردوسروں کوبھی اس پرعمل پیرا کروانے کی کوشش کریں، اپنے عمل وکرداراوراخلاق کوبہتراورمثالی بنائیں تاکہ تحریک کا پیغام کوملک کے کونے کونے میں پھیلایا جائے۔

## سندھ کے طلبہ کیلئے ڈاؤمیڈیکل یونیورسٹی 45 نشستوں کا اضافہ حق پرستوں کی سندھ دوستی کا ثبوت ہے،حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی

کراچی۔۔۔۔15اکتوبر 2009ء

اندورن سندھ سے تعلق رکھنے والے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے حق پرست قیادت کی جانب سے نئی داخلہ پالیسی کا خیرمقدم کیا ہے اورکہا ہے کہ نئی داخلہ پالیسی سے دیہی سندھ کے طلبہ ڈاؤمیڈیکل یونیورسٹی کراچی میں تعلیم حاصل کرسکیں گے جوقائدتحریک جناب الطاف حسین کی سندھ دوستی کا ثبوت ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ سندھ دھرتی کے اردو بولنے والے سندھی اورسندھی بولنے سندھیوں کے درمیان بھائی چارگی اورمحبت بڑھانے کی بات کی ہے اوریہی وجہ ہے کہ حق پرست صوبائی وزیرصحت ڈاکٹرصغیراحمد نے قائدتحریک الطاف حسین کی ہدایت پرسندھ کے میڈیکل کالجزاور یونیورسٹیوں میں داخلہ پالیسی پرنظرثانی کرتے ہوئے نئی داخلہ پالیسی تشکیل دی جس کی منظوری حکومت نے سندھ نے بھی دیدی اورجس کے مطابق سندھ کے دیہی علاقوں کے طلبہ وطالبات کیلئے ڈاؤیونیورسٹی کراچی میں 45 نشستیں مختص کی گئی ہیں جبکہ سندھ کے میڈیکل کالجز کی نشستوں میں بھی باترتیب دس فیصد اضافے کیا گیا ہے جوسندھ کے طلبہ وطالبات کیلئے قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے حق پرست قیادت کا تحفہ ہے جس سے سندھ کے اردوسندھی بولنے والے سندھیوں میں محبتیں بڑھیں گی۔انہوں نے ڈاؤمیڈیکل یونیورسٹی میں اندرون سندھ طلبہ کیلئے 45 نشستیں مختص کرنے پر گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد،صوبائی وزیرصحت ڈاکٹرصغیراحمداورحکومت سندھ سے اظہارتشکرکیا۔

## الطاف حسین کا پیغام حق پرستی امن ومحبت ہے، پی پی اوسی

کراچی۔۔۔۔15اکتوبر 2009ء

پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج واراکین نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ انقلابی تحریک ہے جوسیاست برائے خدمت پریقین رکھتی ہے، قائدتحریک الطاف حسین کا پیغام حق پرستی امن ومحبت ہے اورمتحدہ قومی موومنٹ کا مقصد ہی دکھی انسانیت کی خدمت ہے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے شاہ فیصل ٹاؤن انواراابراہیم سوسائٹی میں پی پی اوسی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں شعبہ پی پی اوسی کے جوائنٹ انچارج شاہداقبال، اراکین الیاس بابر، حنیف اتمان خیل اورشاہ فیصل ٹاؤن کے ناظم ارتضٰی فاروقی نے شرکت کی اورخطاب کیا۔اس موقع پرسیکٹرزویونٹس کے ذمہ داران کے علاوہ مختلف قومیتوں پختون، پنجابی، سرائیکی، ہزاروال، کشمیری اورگلگتی کارکنان وعوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم انقلابی تحریک ہے جوملک سے فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے جدوجہد کررہی ہے اورچاہتی ہے کہ ملک پرغریبوں کی حق حکمرانی قائم ہوتا کہ غریب متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام اپنے مسائل خودحل کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں ہونیوالے انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی فتح یقینی ہے اوراب وہ وقت دورنہیں جب آزادکشمیرکی طرح گلگت بلتستان کی اسمبلی میں حق پرستوں کی نمائندگی ہوگی اوروہاں بھی کراچی جیسے ترقیاتی کاموں کا آغاز ہوگا۔انہوں نے کارکنان پرزوردیا کہ وہ انقلابی تحریک کے کارکن بن کرامن ومحبت پرمبنی قائدتحریک کے پیغام حق پرستی کوگلی گلی محلّہ محلّہ پھیلائیں اورعوام میں گھل مل کران کے مسائل حل کرائیں۔

## ڈاؤ میڈیکل یونیورسٹی اور ایس ایم سی میں داخلے کے خواہشمند طلبہ وطالبات کیلئے اے پی ایم ایس او کے تحت ماڈل پری انٹری ٹیسٹ کا انعقاد اتوار 18 اکتوبر کو صادقین لان گلشن اقبال میں ہوگا

کراچی۔۔۔15 اکتوبر 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن ڈاؤ میڈیکل یونیورسٹی اور سندھ میڈیکل یونیورسٹی اور سندھ میڈیکل کالج یونٹ سیکٹرای کے تحت ڈاؤ میڈیکل یونیورسٹی اور ایس ایم سی میں داخلے کے خواہشمند طلبہ وطالبات کی امتحانی پرچے کی تیاری اور انہیں طریقہ کار سے آگاہ کرنے کیلئے ماڈل پری انٹری ٹیسٹ کا انعقاد اتوار 18 اکتوبر صبح دس بجے صادقین لان گلشن اقبال نزد نیپا چورنگی میں ہوگا۔ پری انٹری ٹیسٹ کا افتتاح حق پرست منتخب نمائندے کرینگے۔ ماڈل پری انٹری ٹیسٹ کے رجسٹریشن فارم طلباء وطالبات میں تقسیم کیے جاچکے ہیں جبکہ وہ طلبہ وطالبات کو جو ابھی تک رجسٹریشن فارم حاصل نہیں کرسکیں ہیں اپنے مقامی کوچنگ سینٹرز کے علاوہ اسٹوڈینٹ ان، انیس حسین کوچنگ سینٹر، پریکٹیکل سینٹر سے بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ واضح رہے کہ ڈاؤ میڈیکل یونیورسٹی اور ایس ایم سی کی انتظامیہ نے اتوار کیم نومبر کو پری انٹری ٹیسٹ منعقد کرنے کا اعلان کیا ہے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر کارکنان کا اخراج و معطلی

کراچی۔۔۔۔15 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ A-136 کے کارکن کاشف رضا ولد نیاز الدین اور ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 کے کارکنان باقر ولد مجیب اور اختر احمد ولد سرفراز احمد کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے جبکہ ایم کیو ایم جہانگیر روڈ پی آئی بی کالونی سیکٹر کے کارکنان تابش ولد غلام اکبر، عمیر ولد غلام اکبر کو غیر معینہ مدت اور ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 176 کے کارکنان عبیداللہ کاشف ولد بشیر الحق اور محمد موسیٰ ولد محمد سعید کو چھ چھ ماہ کیلئے اور اسی طرح ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 152 کے کارکن بابر ولد نعیم الدین کو چھ ماہ کیلئے تنظیم کی رکنیت سے معطل کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے وہ تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کرتے ہوئے تنظیم سے خارج و معطل کیے گئے مذکورہ کارکنان سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔15 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم بن قاسم سیکٹر یونٹ شاہ لطیف ٹاؤن یو سی 5 کے کارکن عبدالقدوس، ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 184 کے فنانس سیکریٹری نثار کی ہمشیرہ آنسہ فریدہ بیگم اور ایم کیو ایم PPOC کورنگی سیکٹر یونٹ 03 کے کارکن خالد سومرو کی والدہ محترمہ شگفتہ سومرو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## گلگت بلتستان کے لوگوں نے جس طرح ایم کیو ایم کو خوش آمدید کہا ہے اس کا ہم دل کی گہرائیوں سے خیر مقدم کرتے ہیں، وسیم آفتاب گلگت پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے رابطہ کمیٹی رکن وسیم آفتاب نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ گلگت بلتستان کی عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے اور گلگت بلتستان کے عوام ایم کیو ایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں۔ جمعرات کے روز گلگت پریس کلب میں رابطہ کمیٹی رکن توصیف خانزادہ، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی اور جوائنٹ انچارجز صلاح الدین گلگتی اور یار وجمیل، گلگت کے آرگنائزر ہدایت علی کے ہمراہ گلگت میں پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متحدہ

قومی موومنٹ غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جوسیاست برائے خدمت پریقین رکھتی ہے اورعوام کی خدمت اوران کے مسائل کا حل ہی ایم کیوایم کا خاصہ رہا ہے ،گلگت بلتستان کے لوگوں نے جس طرح ایم کیوایم کوخوش آمدید کہا ہے اس کا ہم دل کی گہرائیوں سے خیر مقدم کرتے ہیں، یہاں کے سیاسی سماجی رہنماؤں،دانشوروں،ڈاکٹرز،وکلاء ،صحافی برادری،قانون دان،کھلاڑیوں اور دیگر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے جس طرح ایم کیوایم کوخوش آمدید کہا اور جوق در جوق اس میں شامل ہوئے ہیں اور ایم کیوایم کی انتخابی مہم کو کامیاب بنارہے ہیں اس پر ہم ان سب کے بے حد شکر گزار ہیں۔ہم گلگت بلتستان کے عوام کو یقین دلاتے ہیں کہ ایم کیوایم گلگت بلتستان سے کامیاب ہوکر یہاں کے غریب متوسط طبقے کی نمائندہ جماعت بن کران کے مسائل کوحل کرنے کی بھرپور کوشش کرے گی اور سیاست برائے خدمت کے جذبے کے تحت اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کو متعارف کروایا اور پاکستان کے ہر ایوان میں الطاف حسین بھائی کے منتخب نمائندے غریب ومتوسط طبقے کے مسائل کے حل کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم گلگت بلتستان کے حق پرست بزرگوں،ماؤں،بہنوں اور خاص طور پر نوجوانوں سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ وہ اپنے حقوق کے حصول اور سماج ومعاشرے میں باعزت مقام حاصل کرنے کیلئے اور ایک نئی تاریخ رقم کرنے کیلئے ایم کیوایم کے امیدواروں کو کامیاب بناکر قائد تحریک الطاف حسین کا بھرپور ساتھ دیں۔رابطہ کمیٹی رکن وسیم آفتاب نے کہا کہ ایم کیوایم کے حق پرست امیدوار گلگت بلتستان میں کامیابی حاصل کرکے ایم کیوایم کے منشور کے مطابق بے روزگاری کا خاتمہ کرینگے، یہاں اعلیٰ تعلیمی ادارے قائم کیئے جائیں گے،مذہبی منافرت کے خاتمے کیلئے بھائی چارگی کی فضاء قائم کی جائے گی،مواصلات کے نظام کو بہتر بنایا جائے گا،سڑکوں کی ناگفتہ حالت کو بہتر بنایا جائے گا،صحت وصفائی کے نظام پر خصوصی توجہ دی جائے گی،پینے کے پانی اور صحت کے بنیادی منصوبوں پر عمل درآمد کیا جائے گا،گلگت بلتستان کے لوگوں کو سینیٹ وقومی اسمبلی میں نمائندگی کو یقینی بنانے کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائی جائے گی،سستے اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا،سیاحت کے شعبے پر بھرپور توجہ دے کر یہاں کی معیشت کو مستحکم بنایا جائے گا،علاقے میں پائے جانے والے قدرتی وسائل سے مکمل استعفادہ کرنے پر بھرپور توجہ دی جائے گی تاکہ علاقے کی معاشی بدحالی پر قابو پایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے سرکاری عہدوں پر مقامی لوگوں کی شرکت کو یقینی بنایا جائے گا اور یہاں بننے والے ڈیمز کی رائلٹی کا حق مقامی لوگوں کو دلانے کیلئے آئینی وقانونی جدوجہد کی جائے گی۔

## اراکین رابطہ کمیٹی،حق پرست اراکین قومی اسمبلی،حق پرست صوبائی وزیر سندھ نے ایم کیوایم پنجاب کے صوبائی عہدیداران کے ہمراہ مقامی ہسپتال میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں زخمیوں کی عیادت کی

لاہور۔۔۔15،اکتوبر2009ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سیف یار خان،ڈاکٹر علی حسین چوہدری،اراکین قومی اسمبلی آصف حسنین،خواجہ سہیل منصور،صوبائی وزیر سندھ اسمبلی سمیت ایم کیو ایم پنجاب کے صوبائی عہدیداران محترمہ طاہرہ آصف،محترمہ پروین اختر،عنصر علی بُٹر،مقصود اعوان ایڈووکیٹ،رانا فرحت علی ایڈووکیٹ،کرنل(ر) آغا جہانگیر نے مقامی ہسپتال میں لاہور میں دہشت گردوں کی طرف سے تازہ ترین کاروائیوں میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔انہوں نے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے زخمیوں سے مکمل اظہار ہمدردی کرتے ہوئے ان کی جلد صحت یابی کے لیئے بھی خصوصی دعا کی گئی۔

☆☆☆☆☆